موضوع

# 02

# امام مهدی رضی اللہ عنہ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1۔حضرت امام مہدیؑ کون ہیں

2۔حضرت امام مہدیؑ سے متعلقہ احادیث میں کیا فرمایا گیا ہے

3۔حدیث مبارکہ میں بیان کردہ حضرت امام مہدیؑ کی شخصی پہچان اور نشانیاں کیا ہیں

4۔حضرت امام مہدیؑ کی آمد کا کیا مقصد ہوگا۔

5۔حضرت امام مہدیؑ کے زمانے کے حالات کیا ہونگے

کو جمع کر کے اس کتاب کو لکھا۔

۞ **سوال نمبر07** | سیرت المہدی کتاب کب لکھی گئی؟

**جواب:** سیرت المہدی کتاب مرزا قادیانی کے مرنے کے بعد 1923ء میں لکھی گئی۔

۞ **سوال نمبر08** | مرزا قادیانی کا کوئی جھوٹ بیان کریں؟

جواب: مرزا قادیانی کے بہت سے جھوٹوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے لوگوں سے پچاس کتابوں کے پیسے لیے اور صرف پانچ کتابیں لکھیں اور کہا کہ 5 اور 50 میں صرف نقطے کا فرق ہے۔

۞ **سوال نمبر09** | مرزا قادیانی کی 10 میں سے کوئی ایک جھوٹی پیشن گوئی بیان کریں؟

**جواب:** مرزا قادیانی کی بہت سی جھوٹی پیشن گوئیوں میں سے ایک یہ ہے مرزا قادیانی نے کہا کہ محمدی بیگم سے میری شادی ضرور ہوگی کوئی بھی طاقت اس کو نہیں روک سکتی لیکن ساری زندگی مرزا قادیانی کی محمدی بیگم سے شادی نہ ہوسکی۔

۞ **سوال نمبر10** | کیا مرزا قادیانی گالیاں دیتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی بہت بڑی اور گندی گالیاں دیا کرتا تھا جن کو یہاں بیان کرنا مناسب نہیں۔

۞ **سوال نمبر11** | مرزا قادیانی گالیاں کیوں دیتا تھا؟

**جواب:** جو بھی مرزا کے سامنے حق و سچ بات کرتا تھا مرزا قادیانی اس کو گالیاں دے کر خاموش کروانے کی کوشش کرتا تھا۔

۞ **سوال نمبر12** | کیا مرزا قادیانی دھوکہ بھی دیتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی کبھی تو لوگوں کو دھوکہ دے کر ان سے پیسے لے لیتا تھا اور کبھی یہ کہہ کر کہ میں اسلام کی خدمت کر رہا ہوں ان کا ایمان لوٹ لیتا تھا۔

۞ **سوال نمبر13** | کیا مرزا قادیانی دوسرے لوگوں کی عزت پہ نظر رکھتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی لوگوں کی عزت پہ نظر بھی رکھتا تھا اور اشتہار چھاپ کر ان کی عزتوں کو خراب بھی کرتا تھا جیسے محمدی بیگم کے متعلق مرزا نے اشتہار شائع کیے۔

۞ **سوال نمبر14** | کیا شریف انسان غیر عورتوں سے خدمت کرواتا ہے؟

**جواب:** شریف انسان تو ایسا سوچ بھی نہیں سکتا کیونکہ غیر عورتوں سے اپنی خدمت کروانا بہت بڑا گناہ اور فحش بات ہے۔

موضوع

# 03 قادیانی کردار

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر01 |** سیرت سے کیا مراد ہے؟

- ☑ **زندگی گزارنے کا طریقہ**
- ■ وقت گزارنے کا طریقہ
- ■ راستہ گزارنے کا طریقہ
- ■ ان میں سے کوئی بھی نہیں

**سوال نمبر02 |** کردار سے کیا مراد ہے؟

- ■ انسان کا لباس
- ■ انسان کا رہن سہن
- ■ انسان کا تعارف
- ☑ **انسان کی پختہ عادات جن کا تعلق معاشرے سے ہو**

**سوال نمبر03 |** کسی انسان کی سیرت پر بات کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ؟

- ■ اس کے کردار کی برائیاں سامنے لانے کے لئے
- ■ اس کے اخلاقی اچھائیوں کو بتانے کے لئے
- ☑ **اس کی زندگی کا سچ جھوٹ اور صحیح غلط کھولنے کے لیے**
- ■ بلا وجہ

**سوال نمبر04 |** مرزا قادیانی کے کردار کو کھولنا اس لیے ضروری ہے کیونکہ؟

- ■ مرزا کے کردار کو لوگ جانچ سکیں۔
- ■ مرزا کی اصلیت کھل کر سامنے آسکے
- ■ مرزا کا سچ جھوٹ سب کے سامنے آجائے
- ☑ **یہ تمام درست ہیں**

